روزنامہ دنیا اسلام آباد، جمعۃ المبارک، 26 جولائی 2024ء

روزنامہ دنیا اسلام آباد

بانی ایڈیٹر انچیف میاں عامر محمود

# محتسب کی اداروں کو اوورسیز پاکستانیز کے مسائل حل کرنیکی ہدایت

## نادرا بحرین، بغداد میں دفاتر قائم، او پی ایف ملازمین کو اے ایس ایف پاس جاری کرے

اسلام آباد (نامہ نگار) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے تمام سرکاری اداروں کو ہدایت کی کہ اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل حل کرنے کیلئے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کریں۔ وفاقی محتسب نے نادرا کو بحرین اور بغداد میں دفاتر قائم کرنے اور ایئر پورٹ سکیورٹی فورس کو یکجا سہولتی مراکز پر تعینات او پی ایف کے اہلکاروں کو پاس جاری کرنے کی ہدایت بھی کی۔ وفاقی محتسب نے یہ ہدایات اوورسیز پاکستانیوں سے متعلق سرکاری اداروں کے مشترکہ اجلاس کی رپورٹ کے بعد دیں۔ سیکرٹری وفاقی محتسب افضل لطیف کی زیر سربراہی اجلاس میں دفتر خارجہ، او پی ایف، نادرا، سی اے اے، ایف آئی اے، اے ایس ایف، آئی بی اور دیگر اداروں کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔